## سوال

(585) کیا امام کو دیکھنا واجب ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد کے شمالی جانب ایک قطعہ زمین ہے جو مسجد سے ملحق ہے اور اس کی چار دیواری بنی ہوئی ہے ہم اس زمین کو عورتوں کے لئے مخصوص کر دینا چاہتے ہیں تاکہ وہ رمضان میں یہاں نماز ادا کر سکیں تو کیا یہ جائز ہے جب کہ وہ یہاں نماز پڑھتے ہوئے امام کو نہ دیکھ سکیں گی بلکہ صرف لاؤڈ اسپیکر سے ہی امام کی متابعت کر سکیں گی ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مذکورہ زمین میں ان کی نماز کی صحت کے بارے میں علماء میں اختلاف ہے جہاں سے وہ نہ امام کو دیکھ سکیں اور نہ مقتدیوں کو بلکہ صرف تکبیر کی آواز سن سکیں ان کے لئے زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ مذکورہ جگہ نماز ادا نہ کریں بلکہ اپنے گھر میں ادا کریں الا یہ کہ مسجد میں انھیں مسجد میں کوئی نمازیوں کے لئے جگہ مل جائے یا کوئی ایسی جگہ ہو جہاں سے وہ امام یا مقتدیوں کو دیکھ سکیں تو وہاں نماز ادا کر لیں۔ (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد 1

## صفحہ نمبر 470

## محدث فتویٰ